مسافرانِ آخرت

☆ چیچہ وطنی میں حافظ محمد عابد مسعود کے ماموں زاد بھائی حاجی محمد فاروق 25/اپریل کو انتقال کر گئے، نماز جنازہ چک نمبر 47-12ایل میں ادا کی گئی جو قاری محمد قاسم نے پڑھائی۔

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے قدیم معاون چودھری عبدالرزاق ایڈووکیٹ کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئیں۔

☆ پتوکی میں ہمارے بہت ہی مہربان جناب محمد خالد لطیف گھمن کے برادر بزرگ مولانا عبدالقادر انتقال فرما گئے

☆ چیچہ وطنی میں قدیم رفیق جماعت مرغوب احمد کی اہلیہ انتقال فرما گئیں۔

☆ چیچہ وطنی میں جماعت کے قدیم کارکن رانا قمر الاسلام کے برادر نسبتی رانا محمد افضل (لودھراں 24/اپریل کو انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی کے چک نمبر 6/11L میں جماعت کے متحرک کارکن عابد علی کی دادی صاحبہ 19/اپریل کو انتقال فرما گئیں۔

☆ چیچہ وطنی میں مسجدِ ختم نبوت رحمٰن سٹی کے خطیب قاضی ذیشان آفتاب کے خالہ زاد بھائی قاضی فیصل ایاز 5/اپریل کو سڑک کے ایک حادثے میں انتقال کر گئے۔

☆ جماعت کے اداروں کے دیرینہ مُعاون خصوصی میاں نذیر حسین کی اہلیہ 22/اپریل کو انتقال کر گئیں، نماز جنازہ 23/اپریل کو جامع مسجد میں ادا کی گئی۔

☆ مولانا سید عبدالستار شاہ نقوی (ساہیوال) طویل علالت کے بعد یکم اپریل کو انتقال کر گئے۔ مرحوم، استاذ العلماء حضرت مولانا نذر محمد شاہ رحمتہ اللہ علیہ کے بھانجے تھے، مرحوم کی وصیت تھی کہ ان کی نماز جنازہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری پڑھائیں جو اپنی علالت کے باعث نہ پہنچ سکے، نماز جنازہ حضرت مولانا سید محمد انور شاہ (دیپالپور) نے پڑھائی جو جامعہ رشیدیہ نمبر 2 ساہیوال میں ادا کی گئی، عبداللطیف خالد چیمہ، جامعہ رشیدیہ کے مہتمم مولانا کلیم اللہ رشیدی، قاری سعید ابنِ شہید، قاری منظور احمد، شیخ الحدیث مولانا عبدالحمید تونسوی سمیت علماء کرام، طلباء اور شہریوں کی بڑی تعداد نماز جنازہ میں شریک ہوئی۔

☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن بھائی محمد مہربان کی والدہ ماجدہ، انتقال بروز جمعہ ۱۰/اپریل ۲۰۱۵ء

☆ ملتان میں نقیب ختم نبوت کے قاری اور ہمارے کرم فرما بھائی جاوید اختر اور حافظ محمد نوید ایڈووکیٹ کی والدہ ماجدہ، انتقال: ۲۷/فروری ۲۰۱۵ء

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق مدرس مولانا وسیم حسن کے والد ماجد، انتقال: ۲۶/اپریل ۲۰۱۵ء

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعاء مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)